سوال

(743)وظیفہ بتائیں جس سے علم و عمل میں برکت ہو۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حافظ صاحب کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس سے علم و عمل میں برکت ہو۔ (ابو عبداللہ نیویارک، امریکہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کثرت کے ساتھ یہ دعائیں پڑھتے رہا کریں :

{رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا} [طٰہٰ:۲۰/۱۱۴] [''اے میرے پروردگار1 میرا علم بڑھا۔'']

((اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِی عِلْمًا))5

[''اے اللہ1 نفع دے مجھ کو ساتھ اس کے جو تونے سکھایا مجھ کو اور سکھا مجھ کو جو نفع دے مجھ کو اور میرے علم میں اضافہ فرما۔'']

((اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْاَرْبَعِ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا یَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دُعَآئٍ لَا یُسْمَعُ))6

[''اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں چار چیزوں سے ، اس علم سے جو نفع نہ دے اور اس دل سے جو نہ ڈرے اور ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو اور ایسی دعا سے جو سنی نہ جائے۔'']

5 ابن ماجہ/باب الانتفاع بالعلم والعمل۔

6 ابو داوٗد/المجلد الاوّل/کتاب الصلوٰۃ/باب الاستعاذۃ۔

جلد02ص739

محدث فتویٰ